وزیراعظم کی آسٹریلیا کی ممتاز شخصیات سے ملاقات

23 مئی 2023

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے آج سڈنی میں آسٹریلیا کی کئی سرکردہ شخصیات سے الگ الگ ملاقاتیں کیں۔ ان شخصیات میں شامل ہیں:

1۔ پروفیسر برائن پی شمٹ، فزکس میں نوبل انعام یافتہ اور وائس چانسلر اور آسٹریلین نیشنل یونیورسٹی کینبرا کے صدر

2۔ مسٹر مارک بالا، کاروباری ماہر اور انسانی ہمدردی کے مسائل پر ماہر عوامی اسپیکر

3۔ محترمہ ڈینئیل میٹ سلیوان، مقامی فنکار

4۔ محترمہ سارہ ٹوڈ، بین الاقوامی شیف، ریسٹوریٹر، ٹی وی میزبان، اسپیکر اور کاروباری

5۔پروفیسر ٹوبی والش، چیف سائنسدان، آرٹیفیشیئل انٹیلی جنس انسٹی ٹیوٹ، نیو ساؤتھ ویلز یونیورسٹی، سڈنی

6۔ ایسوسی ایٹ پروفیسر سالواتور بابونس، ماہر عمرانیات، محقق اور مصنف

7۔ مسٹر گائے تھیوڈور سیباسٹین، معروف آسٹریلوی گلوکار

وزیر اعظم نے انہیں ان کی کامیابیوں پر مبارکباد دی اور ان کی حوصلہ افزائی کی کہ وہ ہندوستان-آسٹریلیا تعلقات کو مضبوط بنانے میں اپنا حصہ ڈالیں۔

سڈنی
23 مئی 2023